PR.No. 29/2026
**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN**
******
Islamabad, the 30th July, 2026

## DELEGATION OF THE HIGH COURT BAR ASSOCIATION HYDERABAD, SINDH VISITS THE FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN

A 42-member delegation of the High Court Bar Association Hyderabad, Sindh, including Ms. Rehana Nazeer Gujjar, Vice President, Mr. Syed Shahzad Ali Shah, General Secretary, 10 office-bearers, and 30 advocates, visited the Federal Constitutional Court of Pakistan.

The delegation was shown a documentary highlighting the establishment of the Federal Constitutional Court of Pakistan, its constitutional mandate, jurisdiction, institutional development, modern administrative framework, and the initiatives undertaken to ensure the transparent, efficient, and expeditious administration of constitutional justice.

Heads of the Court's Wings and Directorates subsequently delivered presentations on their respective mandates, operational responsibilities, administrative procedures, technological advancements, and ongoing institutional initiatives. The delegation was also briefed on the Court's management systems, information technology infrastructure, research functions, media operations, human resource administration, and other essential support services, providing a comprehensive overview of the Court's organizational structure and institutional capacity.

The participants appreciated the Federal Constitutional Court of Pakistan's modern administrative framework, professional standards, and institutional development. They described the programme as highly informative and beneficial, expressed their gratitude to the Registrar and the Court administration for the warm hospitality and excellent arrangements, and concluded the visit with a commemorative group photograph alongside the Registrar of the Federal Constitutional Court of Pakistan.







https://www.facebook.com/share/1Ed4vAEkQj/
https://www.instagram.com/fccp_pakistan
https://x.com/FCCP_pakistan
https://bit.ly/4v7P5ps

**Naila Nazar**
Director, Media Affairs
& Public Relations

# <u>ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن حیدرآباد، سندھ کے وفد کا وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کا دورہ</u>

ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن حیدرآباد، سندھ کے ۴۲ رکنی وفد نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کا دورہ کیا، جن میں محترمہ ریحانہ نذیر گجر، نائب صدر، جناب سید شہزاد علی شاہ، جنرل سیکریٹری کے ساتھ ۱۰ عہدیداران اور ۳۰ وکلاء شامل تھے۔

دورے کے آغاز میں وفد کو ایک دستاویزی فلم دکھائی گئی جس میں وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے قیام، اس کے آئینی مینڈیٹ، دائرۂ اختیار، ادارہ جاتی ترقی، جدید انتظامی ڈھانچے، اور آئینی انصاف کی شفاف، مؤثر اور بروقت فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی گئی۔

بعد ازاں عدالت کے مختلف ونگ اور ڈائریکٹوریٹ کے سربراہان نے اپنے اپنے دائرۂ کار، انتظامی ذمہ داریوں، طریقۂ کار، جدید تکنیکی سہولیات اور جاری ادارہ جاتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگز دیں۔ وفد کو عدالت کے انتظامی نظام، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بنیادی ڈھانچے، تحقیقی امور، میڈیا آپریشنز، انسانی وسائل کے انتظام اور دیگر معاون خدمات سے بھی آگاہ کیا گیا، جس سے انھیں عدالت کے تنظیمی ڈھانچے اور ادارہ جاتی استعداد کا جامع تعارف حاصل ہوا۔

شرکاء نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے جدید انتظامی نظام، پیشہ ورانہ معیار اور ادارہ جاتی ترقی کو سراہا۔ انھوں نے اس پروگرام کو نہایت معلوماتی اور مفید قرار دیتے ہوئے جناب حفیظ اللہ خان، رجسٹرار وفاقی آئینی عدالت اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ دورے کے اختتام پر وفد نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے رجسٹرار کے ہمراہ یادگاری گروپ فوٹو بھی بنوایا۔